حضرت جبریل علیہ السلام نے مشرق و مغرب میں حضور علیہ الصلاۃ والسلام جیسا نہ پایا، روایت کا حوالہ

دارالافتاء اھلسنت (دعوت اسلامی)

سوال

یہ کون سی حدیث ہے کہ ایک بار سیدنا جبریل امین علیہ الصلوۃ والسلام نے حضور صلی اللہ تعالی علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں عرض کیا: قلبت مشارق الارض ومغاربھا۔۔۔الخ رہنمائی فرمادیں۔

جواب

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِکِ الْوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

سوال میں آپ نے جس حدیث مبارک کی طرف اشارہ کیا، وہ حدیث مختلف کتبِ حدیث میں درج ذیل الفاظ کے ساتھ مروی ہے۔ چنانچہ المعجم الاوسط للطبرانی، جامع الاحادیث، کنزالعمال، جمع الجوامع، مجمع الزوائد اور دیگر کتب حدیث میں ہے (واللفظ للاول) "قال: قلبت مشارق الأرض، ومغاربها، فلم أجد رجلا أفضل من محمد صلى الله عليه واله وسلم" ترجمہ: حضرت جبریل علیہ السلام فرماتے ہیں: میں نے زمین کے مشرق و مغرب کو تلاش کیا، لیکن میں نے کوئی شخص محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم سے افضل نہیں پایا۔ (المعجم الاوسط للطبرانی، جلد6، صفحہ237، حدیث: 6285، دارالحرمین، القاھرۃ)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

مجیب: مولانا عبدالرب شاکر عطاری مدنی

فتوی نمبر: WAT-4116

تاریخ اجراء: 17صفر المظفر1447ھ/12اگست2025ء

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.fatwaqa.com
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net